RAMPUR STATE GAZETTE

ریاست رامپور گزٹ

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم

جلد ۲۳	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۲ ذی الحجہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۴ دسمبر ۱۹۱۱ء	نمبر ۱۵

فہرست مضامین

محکمہ عالیہ دارالانشا اجلاس عالیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم

واقع ۹ نومبر ۱۹۱۱ء

مقدمہ تغیر و تبدیل اسمار اشخاص مستثنیٰ از لائسنس

جنکا انتقال ہو گیا ہے یا جو عہدے سے علیحدہ ہو گئے

رپورٹ ملاحظہ ہوئی مسٹر ہیگنس کے بجائے صاحبزادہ محمود علیخان بہادر مقرر ہوئے ہیں لیکن انکا نام دفعہ ب سول مین درج کیا جا... حبیب شاہ خان کا نام

سول ب سے علیحدہ ہوکر دفعہ ۲ متوسلین مین درج کیا جاے
اسلحہ جو انکے پاس ہون بدستور رہینگے۔ مولوی ریاض الاسلام کا
نام خارج ہوکر منشی جمیل خان کا نام درج کیا جاے اور وہ اُسیقدر اسلحہ
رکھنے کے مجاز ہونگے جسقدر بموجب دفعہ ب سول رکھہ سکتے ہین
میر علی اکبر جیلر کے بجاے جیلر حال کا نام درج کیا جاے محمد یاقوت خان کے
بجاے خان بہادر سید رضا حسین صاحب کا نام درج کیا جاے
تفضل حسین خان کے بجاے محمد شرف الدین خان کوتوال شہر کا نام درج کیا جاے
منا جمعدار کا انتقال ہوگیا اسلحہ کی بابت اسلحہ خانہ خاص سے بتوسط
صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر دریافت کیا جاے۔ صاحبزادہ منیر علیخان القاب حسب
عرف ننے صاحب بہادر چونکہ باہر ہین اسلئے اونکا نام فی الحال خارج
کردیا جاے۔ منشی للتا پرشاد کے بجاے منشی گوپی ناتھ میر منشی کار سکرٹری
انجام دیتے ہین اسلئے دونون اسلحہ بدستور اونکے نام معاف رکھے
جائین۔ حسب صراحت صدر اندراج کیا جاے اور ایک نقل پولیس کو
مرسل ہو اور ایک نقل واسطے اندراج گزٹ کے مطبع کو مرسل ہو [illegible]

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۸ نومبر ۱۹۱۱ء

بملاحظہ کاغذات رپورٹ کمانڈنگ افسر تھرڈ اسکواڈرن معروضہ ۱۷ نومبر ۱۹۱۱ء
واضح ہوا کہ ۱۳ اسکر جمعدار سید احمد نبی ولد موتی میان تھرڈ اسکواڈرن
ترپ ب اپنی ڈیوٹی ٹھیک نہین کرتے اور استعفا بھی دیتے ہین
لہذا استعفا پیش کردہ منظور ہے من ابتداے ۱۸ نومبر ۱۹۱۱ء
نام ملازمت سے خارج ہو فقط

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
رخصت

۲۲ نومبر ۱۹۱۱ء

مزید رخصت یکماہ سپرنٹنڈنٹ پرچہ اخبار بوجہ علالت بانتظام سابقہ
منظور فرمائی گئی۔

۲۲ نومبر ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ ناظر اجلاس مزید رخصت علالتی با ۱۲ یوم من ابتداے
۱۹ نومبر ۱۹۱۱ء منشی اسحاق احمد اجلاس ہمایون کو منظور فرمائی گئی۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۲۳ نومبر ۱۹۱۱ء

مثل ناصیہ رپورٹ سررشتہ دار صاحب صدر و میر منشی
اجلاس ہمایون نسبت اطلاع اختتام میعاد مشمولہ مثل
روبکار دربارہ عطاے اختیارات عطلی وغیرہ بافسران
ماتحت سکرٹری صاحبان امتحاناً براے چھ ماہ۔
میعاد گذر گئی۔ کام اچھی طرح چلا۔ آیندہ یہ اختیار مستقل کیا جانا منظور ہے
احکام جاری ہون۔ فقط

ملخص حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
رخصت

۱۹ نومبر ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست رخصت یکماہ احمد علیخان
رجسٹرار قانون گوے بلاسپور بند مداری نائب رجسٹرار
یکم نومبر ۱۹۱۱ء سے منظور کیگئی۔

حکم اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
واقع ۲۲ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

ثبتہ ناصیہ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ
تبادلہ عبدالخالق گرداور قانونگوی تحصیل ٹانڈہ بجای احمد علیخان
گرداور قانونگوی تحصیل بلاسپور بوجہ ناراضی منصرم تحصیل ٹانڈہ
واحمد علیخان مذکور بجائے عبدالخالق مسطور

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست تبادلہ احمد علیخان گرداور قانونگوی تحصیل بلاسپور سے بجائے عبدالخالق خان گرداور قانونگوی ٹانڈہ منظور ہے عبدالخالق گرداور بوجہ ناراضی تحصیلدار صاحب ٹانڈہ تحصیل بلاسپور کو تبدیل کیا جائے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون۔

ملخص حکم صاحب ریونیو سکرٹری بہادر
واقع ۲۵ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

۲۵ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری رخصت پندرہ یوم منشی منور علیخان سب انسپکٹر آبکاری بوجہ علالت ۲۱ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء سے منظور کی گئی

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۵ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

حسب رپورٹ منشی ذوالفقار علیخانصاحب مجسٹریٹ درجہ دویم آبکاری تا واپسی۔ بقائمقامی صاحب موصوف محمد یوسف علیخانصاحب باختیارات مجسٹریٹ درجہ دوم مقدمات آبکاری سماعت و تجویز کرینگے

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ بصراحت بالا جاری ہون۔ اور عرضداشت اطلاعی اجلاس بندگان عالی دام اقبالہم مین ارسال ہے

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۵ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم نے منشی حشمت علیخانصاحب کو مستقل اختیارات مجسٹریٹ سرسری عطا فرمائے گئے ہین۔ لہذا حسب ذیل انتظام کیا جاتا ہے منشی محمد اکبر اہلمد عدالت مجسٹریٹ سرسری سے اپنی جگہ اہلمدی عدالت دیوانی اور منشی الطاف رسول محافظخانہ فوجداری مین اور منشی آقا نواب محرر محافظخانہ فوجداری سے اہلمد عدالت مجسٹریٹ سرسری اپنی اپنی تنخواہ پر تبدیل کئے جائین۔ اور منشی احمد سعید خان اہلمد عدالت فوجداری ضلع مین مستقل کیا جائے۔ صاحب مجسٹریٹ ضلع محمد حسین بستہ بردار محافظخانہ فوجداری کو کافی طور پر فہمائش کردین کہ اپنا کام بلاشکایت انجام دے اور نیز جملہ اہالیان محافظخانہ کو متنبہ کردینا چاہئے کہ کار سرکار مین اہم بخش وخرابی کار نہو۔ لہذا

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہون۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر
واقع ۲۹ر نومبر سنہ ۱۹۱۱ء

۱۸ر نومبر سنہ رواں کے امتحان وکالت مین بارہ امیدوار شریک ہوئے منجملہ انکے چھ امیدوار بصراحت نقشہ منسلکہ کامیاب اور چھ ناکام ہوئے مرزا ناظم امیدوار ولد مرزا کاظم باشندہ رامپور جنسے تحریری جوابات مین مدد لینے کیلئے سوالات کا پرچہ پھینکا تھا حسب تحریر صاحب جج بہادر دو سال امتحان

وکالت مین شریک ہوسکیگا۔ لہذا

حکم ہوا

کہ ایک نقل روبکار ہذا کی معہ نقل نتیجہ امتحان بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔ اور اصل روبکار و نقشہ نتیجہ امتحان شامل مثل کیا جاوے۔

نتیجہ امتحان امیدواران وکالت منعقدہ ۱۸ر نومبر ۱۹۱۱ء

نمبر	نام امیدوار مع نام درجہ جسکی فیس داخل ہوئی	دیوانی			فوجداری			مال			متفرقات			میزان نمبر حاصلہ	نتیجہ
		نمبر پورے	تعداد نمبر کامیابی	نمبر حاصلہ	نمبر پورے	تعداد نمبر کامیابی	نمبر حاصلہ	نمبر پورے	تعداد نمبر کامیابی	نمبر حاصلہ	نمبر پورے	تعداد نمبر کامیابی	نمبر حاصلہ		
۱	مرزا فرخندہ بخت ولد مرزا ہمایون بخت ساکن رامپور - امیدوار درجہ دوم	۱۰۰	۳۳	۸۴	۱۰۰	۳۳	۴۱	۱۰۰	۳۳	۸۰	۱۰۰	۳۳	۱۰۰	۳۰۵	کامیاب درجہ دوم
۲	سید یوسف علی ولد سید یعقوب علی ساکن نگینہ ضلع بجنور امیدوار درجہ اول	۱۰۰	۵۰	۸۰	۱۰۰	۵۰	۵۱	۱۰۰	۵۰	۵۴	۱۰۰	۵۰	۶۰	۲۴۵	کامیاب درجہ دوم - مجموعی نمبر دو ثلث سے کم ہین لہذا درجہ اول مین کامیاب نہوا
۳	نذیر احمد ولد منشی عبد الرزاق ساکن نگینہ ضلع بجنور امیدوار درجہ اول	۱۰۰	۵۰	۸۰	۱۰۰	۵۰	۴۲	۱۰۰	۵۰	۵۲	۱۰۰	۵۰	۷۱	۲۴۵	کامیاب درجہ دوم - فوجداری مین نصف سے کم نمبر ہین نیز مجموعی نمبر دو ثلث سے کم آئے لہذا درجہ اول مین کامیاب نہوا۔
۴	عبد الحمید خان ولد عبد المجید خان ساکن رامپور امیدوار درجہ سوم	۱۰۰	۲۵	۹۲	۱۰۰	۲۵	۳۲	۱۰۰	۲۵	۵۵	۱۰۰	۲۵	۱۰۰	۲۷۹	کامیاب درجہ سوم
۵	بنواری لعل ولد شیو نرائن ساکن رامپور محرر محافظ خانہ دیوانی امیدوار درجہ سوم	۱۰۰	۲۵	۵۴	۱۰۰	۲۵	۳۹	۱۰۰	۲۵	۲۶	۱۰۰	۲۵	۶۷	۱۸۶	کامیاب درجہ سوم
۶	قاسم علیخان ولد عباس علیخان ساکن موضع شہباز پور ضلع بدایون امیدوار درجہ سوم	۱۰۰	۲۵	۶۶	۱۰۰	۲۵	۲۸	۱۰۰	۲۵	۳۵	۱۰۰	۲۵	۵۱	۱۸۰	کامیاب درجہ سوم
۷	محمد زکی ولد مرزا عبد التقی ساکن مراد آباد امیدوار درجہ دوم	۱۰۰	۳۳	۷۵	۱۰۰	۳۳	۱۵	۱۰۰	۳۳	۶۵	۱۰۰	۳۳	۷۶	۲۳۱	ناکام - فوجداری مین ربع سے بھی کم نمبر آئے لہذا کسی درجہ مین کامیاب نہوا۔
۸	سعادت علیخان ولد حسن علیخان ساکن رامپور - امیدوار درجہ دوم	۱۰۰	۳۳	۶۵	۱۰۰	۳۳	۱۷	۱۰۰	۳۳	۵۱	۱۰۰	۳۳	۵۸	۱۹۱	ناکام بشرح صدر
۹	عطا حسین ولد قاضی علی حسین ساکن بدایون امیدوار درجہ سوم	۱۰۰	۲۵	۷۲	۱۰۰	۲۵	۳۴	۱۰۰	۲۵	۱۲	۱۰۰	۲۵	۶۲	۱۸۰	ناکام - مال مین ربع سے کم نمبر آئے - لہذا کسی درجہ مین کامیاب نہوا۔
۱۰	مرزا ناظم ولد مرزا کاظم ساکن رامپور امیدوار درجہ سوم	۱۰۰	۲۵	۷۵	۱۰۰	۲۵	۱۷	۱۰۰	۲۵	۲۶	۱۰۰	۲۵	۲۷	۱۴۵	ناکام - فوجداری مین ربع سے کم نمبر آئے لہذا کسی درجہ مین کامیاب نہوا۔
۱۱	مرزا محمد صاحب ولد مرزا محمد حسن ساکن رامپور امیدوار درجہ سوم	۱۰۰	۲۵	۷۵	۱۰۰	۲۵	۱۰	۱۰۰	۲۵	۱۱	۱۰۰	۲۵	۲۷	۱۲۳	ناکام - فوجداری اور مال مین ناکامیاب
۱۲	بنسی دہر ولد کشن لال ساکن رامپور امیدوار درجہ سوم	۱۰۰	۲۵	۳۷	۱۰۰	۲۵	۱۳	۱۰۰	۲۵	۲۵	۱۰۰	۲۵	۲۸	۱۰۳	ناکام - فوجداری مین ناکامیاب

دستخط صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدا ۲۷ نومبر لغایت ۳ دسمبر ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم					۱۱•ا/ر	۱۲ا/ر	بجز سوار و ٹانڈہ کے اور کسی تحصیل کا نقشہ نہیں آیا
نخود خاص					۱۳وا/ر	۱۶ا/ر	
نخود کشتہ آمیز					۱۴ا/ر	۱۷ا/ر	
کث					۸ا/ر	۸ا/ر	
ماش					۸•ا/ر	۹•ا/ر	
مونگ					۸•ا	۹ا/ر	
مکا					۸ا/ر	۷ا/ر	
جئی					۸ا/ر	۱۶ا/ر	
گوجئی					۱۹ا/ر	۱۴ا/ر	
عدس					۱۲•ا/ر	•	
ارہر					•	۲۰ا/ر	
برنج					۷•ا/ر	۸ا/ر	
روغن زرد					۔ررا/ر	۔ررا/ر	
روغن سیاہ					۲ا/ر	۲ا/ر	
روغن کنجد					۲ا/ر	•	
نمک سانبھر					۱۴ا/ر	۱۶ا/ر	
نمک لاہوری					۱۲ا/ر	۱۴ا/ر	
قند سیاہ					۶ا/ر	۶ا/ر	
باجرہ					•	۱۷ا/ر	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور